31/05/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبرنامہ لےکر میں **بلال وانی**

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ لوگ گرمی کے اثرات سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر اپنائیں // من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم کا اظہار خیال ۔

*........ ملک بھر میں کل سے ہوگی کھیت بچاو ابھیان کی شروعات۔

*........ جموں و کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ دو جون سے ہوگا شروع۔

اور

*........ تمباکو نوشی کے خلاف عالمی دن آج ۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی نے ملک کے اکثر حصوں میں جاری گرمی کی شدید لہر کو مد نظر رکھتے ہوئے عوام سے کہا ہے کہ انہیں پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کر تے ہوئے گرمی کے اثرات سے بچنے کی تدبیر کرنی چاہئے۔

آکاشوانی پر آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر اظہارِ خیال کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ گرم لہر کے اثرات سے محفوظ رہنے کےلئے عوام کو سرکار اور

متعلقہ محکموں کی طرف سے جا ری کئے جانے والے رہنما خطوط اور مشوروں پر عمل کرنا چاہئے۔

-------PM-Cut-1------

وزیر اعظم نے ملک کے ترقیاتی سفر کا ذکر کر تے ہوئے کہا کہ ہمارے آس پاس کچھ ایسی پیش رفت ہو رہی ہے جو بعض اوقات نظر نہیں آتی۔ البتہ انہوںنے کہا کہ اُن لوگوں کا ساتھ دیا جانا چاہئے جو ملک کی تعمیر میں تحریک بخش کام کر تے رہتے ہیں۔

-------PM-Cut-2-------

وزیر اعظم نے کہا کہ سرکار ملک میں وراثت کے انمول مقامات کو محفوظ رکھنے کے لئے لگاتار کوششیں کر رہی ہیں ۔ انہوں نے عام لوگوں سے تلقین کی کہ وہ اس کام میں اپنا رول ادا کریں ۔

وزیر اعظم نے دیگر کئی اہم موضوعات کے علاوہ ماحولیات کا تحفظ یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ انہوںنے خاص طور پر ندی نالوں، دریاؤں اور تالابوں کو آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ کرنے کی ضرورت اُجاگر کی۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج گریٹر کیلاش جموں میں نالے پر تعمیر کئے گئے دو گلیاروں والے پُل کا افتتاح کیا ۔ انہوں نے کہا کہ سرکار جموں کشمیر میں رابطہ سہولیات کو مزید مستحکم بنانے اور جدیدیت سے ہمکنار کرانے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے ۔ مقامی لوگوں نے اس سہولت پر اطمینان کا اظہار کیا ۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار Crop Insurance پالیسی پر کام کر رہی ہے ۔کولگام سے ہمارے نمائندے خورشید پڈّرو نے خبر دی ہے کہ وزیر موصوفہ نے ضلعے کے دمہال ہانجی پورہ میں عوامی دربار کے دوران لوگوں کے مسائل کا جائزہ لینے کے بعد ژالہ باری سے متاثر ہوئے کسانوں کو ہر ممکن معاونت کا یقین دلایا ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

-----Sakina----

سپیکر

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج چرار شریف حلقے کے چَلیان گاو

---

ں میں جدید طرز کے پرائمری ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر اپنے خطاب میں انہوں نے ۂ کہا کہ نیشنل کانفرنس کی موجودہ سرکار جموں کشمیر کے ہر خطے کی متوازن ترقی کے لئے کام کر رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت لوگوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔

کھیت بچاو ابھیان

ملک بھر میں کل سے کھیت بچاو ابھیان شروع کیا جا رہا ہے ۔ زراعت کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان ایک ماہ تک چلنے والے اس ابھیان کی شروعات مدھیہ پردیش سے کریں گے ۔ ابھیان کے دوران کھیتوں میں کھادوں کے استعمال اور کسانوں کو سائنسی مشوروں کے علاوہ موسمی تبدیلی سے متعلق بر وقت جانکاری دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی ۔

ہائی کورٹ

جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس ارون پلی کے اعزاز میں کل یعنی یکم جون کو ہائی کورٹ کی سرینگر شاخ میں ایک الوداعی تقریب منعقد ہو رہی ہے ۔ اس سلسلے میں کل صبح ساڑھے دس بجے وہاں ایک فل کورٹ ریفرنس ہو گا ۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ جسٹس اورن پلی کو سپریم کورٹ کا جج مقرر کیا گیا ہے ۔

عہدہ

چیف آف ڈیفنس اسٹاف، لیفٹنٹ جزل این ایس راجہ سبرامنی نے کہا ہے کہ مسلح افواج نے ملک کے مفادات کا تحفظ کرنے میں ہمیشہ پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے اور وہ علاقائی سالمیت کا دفاع کرنے کیلئے عہد بستہ ہیں۔

ملک کے نئے چیف آف ڈیفنس اسٹاف کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالنے کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، جنرل سبرامنی نے کہا کہ اندازِ فکر اور کارروائی میں اختراع سے فوجی صلاحیتوں کو فروغ حاصل ہوگا۔

اس دوران ایڈمرل کرشنا سوامی ناتھن نے آج بحریہ کے 27 ویں سربراہ کی حیثیت سے اپنی ذمہ داری سنبھالی ۔

پاسنگ آوٹ پریڈ

سرینگر کے لائٹ انفنٹری ریجمنٹل سینٹر میں ایک پاسنگ آوٹ پریڈ منعقدکی گئی، جس میں فوجی جوانوں کی ہم آہنگی، حب الوطنی اور فوجی درستگی کی ایک شاندار نمائش دیکھنے کو ملی۔ اس پریڈ سے اگنی ویروں کے ساتویں بیچ کے تحت 540 اگنی ویروں کی تربیت مکمل ہو گئی ہے۔

خاص مہمان تھے ، جنہوننے فوجی GOC پاسنگ آوٹ پریڈ میں فوج کی وائٹ نائٹ کور کے نے انہیں قومی GOC جوانوں کی مشق اور ان کے فوجی معیارات کےلئے ان کی سراہنا کی۔ خدمت میں پیش پیش رہنے کی تاکید کی ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔ خبر یناآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----

حج

فریضہ حج ادا کرنے کے بعد جموں و کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ دو جون منگلوار سے شروع ہورہا ہے ۔ اس سلسلے میں کئے گئے انتظامات کے بارے میں جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

-

فیسٹول

فیسٹول کاتیسر ا شمارہ آج Literature سرینگر میں کل سے شروع ہوا دو روزہ کشمیر SKICC بھی جا ری ہے۔ فیسٹول کا افتتاح کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کیا تھا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے ادیبوں اور قلمکاروں سے تاکید کی کہ وہ اپنی تخلیقات کے ذریعے مثبت سوچ اور رواداری کو فروغ دیں ۔ فیسٹول کے دوسرے دن آج بھی کئی سرگرمیاں اور پروگرام منعقد ہوئے ۔

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر ُمشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

...........LG...........

جموں کشمیر میں اس سماجی برائی سے بچنے کے اقدامات کے بارے میں ایک شہری برہان جاوید نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

.....BURHAN...

اس دوران جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں کل یعنی یکم جون کو ایک نشہ مخالف پد یاترا کا انعقاد ہو رہا ہے۔ یہ پد یاترا لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں نکالی جائے گی۔

تمباکو نوشی دن

آج تمباکو نوشی کے خلاف عالمی دن ہے۔ آج کے دن دنیا بھر میں تمباکو نوشی کے مضر اثرات کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کی جاتی ہے۔

اس سلسلے میں آج جمونو کشمیر میں بھی مختلف محکموں اور تنظیموں کی طرف سے کئی جانکاری پروگراموں کا انعقاد ہوا ۔

زبیر سلیم

تمباکو نوشی ہر ایک فرد کے لئے مضر صحت ہے ۔ یہ نہ صرف اس کا استعمال کرنے والوں کو متاثر کرتی ہے بلکہ آس پاس کے لوگوں خاص کر بزرگ افراد پر اس کے مضر اثرات پڑتے ہیں ۔

اس حوالے سے بزرگوں کے امراض کے ماہر ڈاکٹر زُبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--Zubair Saleem--

جموں وکشمیر بینک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہےبنک کی طرف سے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے تحت بھی کئی سارے کام انجام دیئے جا رہے ہیں۔

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مرکزی وزیر کرن رججو سے اپیل کی ہے کہ وہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں موجود حجاج کرام کی بحفاظت وطن واپسی کو یقینی بنانے کے ہر ممکن اقدامات کریں۔ انہوں نے اپنے ایک پریس بیان میں حجاج کرام جن میں جموں کشمیر اور لداخ کے حجاج کرام بھی شامل ہیں کے ساز و سامان کو بھی محفوظ طریقے سے جائے مقام تک پہنچانے کی وزیر سے اپیل کی ۔

شمیمہ فردوس

نیشنل کانفرنس کی خواتین وِنگ کی صدر شمیمہ فردوس نے گلوان پورہ بڈگام میں معصوم بچی کے قاتل کو قرار واقعی سزا دئے جانے کی مانگ کی ہے ۔انہوں نے تحقیقاتی ایجنسیوں سے درخواست کی وہ اس وحشیانہ قتل کی تہہ تک جائیں اور ملوث افراد کو عبرت ناک سزا دیں۔

سنیل شرما

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور اسمبلی میں حزبِ اختلاف کے قائد سنیل شرما نے عمر عبداللہ پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ اقتدار کے بھوکے ہیں ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کسی بھی صورتحال میں اقتدار کے لئے سمجھوتہ کر سکتی ہے ۔

PDP

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ سرکار کو TET اساتذہ کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانا چاہئے ۔انہوں نے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کے معاملے کی نسبت اساتذہ سے کئے گئے اپنے وعدوں کو پورا کرے۔

JDU

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کی صدارت میں آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ کے دوران کئی تنظیمی امور کے علاوہ آئندہ کے پنچایتی انتخابات کے لئے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا ۔

تعطیلات

جموں صوبے کے گرمائی زون میں آنے والے سبھی سرکاری اور پرائیویٹ کالجوں کیلئے موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ تعطیلات یکم جون سے 15 جولائی تک ہوں گی۔

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے بتایا کہ گرمی کی شدت کے مدِ نظر طلباءاور تدریسی عملے کی خیر و عافیت کو یقینی بنانے کیلئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

خراج عقیدت

ہولکر کے یوم پیدائش پر انہیں خراج عقیدت  Ahilyabai وزیر اعظم نریندر مودی نے لوک ماتا پیش کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر نریندر مودی نے کہا کہ پورا ملک،
ا

---

ن کی ذہانت، دردمندی اور عوام کی فلاح و بہبود کے تئیں ان کی غیر معمولی لگن کی خاطر ± انہیں عزت اور احترام کے ساتھ یاد کرتا ہے۔

ہولکر کے یوم پیدائش پر انہیں خراج عقیدت  Ahilyabai لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی لوک ماتا پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے اپنی پوری زندگی انسانیت کی خدمت کی ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جمونصوبے میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے اور کشمیر صوبے میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت29 اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 21 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر37منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔